سوال

(766) قرآنی آیت کی چلہ کشی کہاں تک درست ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآنی آیت کی چلہ کشی کہاں تک درست ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ درست ہے یہ ہوتا ہے کوئی آیت لے کر اس کو سوالاکھ بار پڑھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آیت کی زکوۃ ادا ہو گئی یہ جس مقصد کے لیے پڑھی اس مقصد کے لیے استعمال کر سکتے ہیں ۔ مثال کے طور پر قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ 2 کو سوالاکھ مرتبہ پڑھنا ۔

ایم اے طاہر آزاد کشمیر

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس طرح کی کوئی چیز کتاب وسنت میں اس بندہ فقیر الی اللہ الغنی کی نظر سے تو نہیں گزری باقی رہا کسی کا تجربہ تو معلوم ہونا چاہیے کہ شریعت تجربوں سے ثابت نہیں ہوتی شریعت تو قرآن وسنت سے ثابت ہوتی ہے ۔ واللہ اعلم ۲۲/۷/۱۴۱۸ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 01 ص 494

محدث فتویٰ